# 3 بھوپال کا ایک تفریحی سفر (A Trip to Bhopal)

آج سگندھا بہت جوش و خروش میں ہے۔ اس کے اسکول کے سبھی بچے اپنے اساتذہ کے ساتھ ایک تفریحی سفر پر بھوپال جا رہے ہیں۔ میناکشی میڈم اور راکیش سر ضرورت کے مطابق بسوں کی تعداد کے سلسلہ میں گفتگو کر رہے ہیں۔





میناکشی میڈم — ہم لوگوں کو چار بسوں کی ضرورت پڑے گی۔

راکیش سر — میرا خیال ہے کہ ہمیں کم از کم پانچ بسیں چاہئیں۔


میناکشی میڈم — ہر بس میں 50 سیٹیں ہوتی ہیں۔

راکیش سر — آیئے دیکھیں کتنے بچے جا رہے ہیں۔

| درجہ | بچوں کی تعداد |
|---|---|
| I | 33 |
| II | 32 |
| III | 42 |
| IV | 50 |
| V | 53 |
| | کل ______ |




- اس لیے کل ملا کر ........... بچے جا رہے ہیں۔
- اگر ان لوگوں کو چار بسیں مل جائیں تو کتنے بچوں کو جگہ ملے گی؟ ...........
- کیا کچھ بچے ایسے بھی ہوں گے جنھیں جگہ نہیں ملے گی؟





بچوں کی ہمت افزائی کرنی چاہیے کہ وہ پہلے اندازہ لگائیں اور پھر کسی بھی طریقے سے اس مسئلہ کا حل ڈھونڈیں۔ یہ اہم ہے کہ ان طریقوں پر بحث کی جائے جن کا استعمال بچے مسئلہ حل کرنے کے لیے کرتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

## بسوں کے لیے انتظار

صاحبہ قطار سے کود کر باہر یہ دیکھنے کے لیے آتی ہے کہ بسیں آرہی ہیں یا نہیں۔ وہ زور سے چلاتی ہے......
اوہو! میں انھیں دیکھ سکتی ہوں۔ دوڑو! کھڑکی کے پاس والی سیٹ پر قبضہ کرو۔
جوش کے مارے کئی بچے کودنے لگتے ہیں۔لیکن .......




اب وہاں ایک بحث ہوتی ہے۔






ہر چھوٹی بس 35 بچوں کو لے جاسکتی ہے۔ کتنی چھوٹی بسوں کی ضرورت ہے؟

## سفر شروع ہوتا ہے

جیسے ہی بس چلنا شروع کرتی ہے، بچے اپنی اونچی آواز میں گاتے ہیں۔ کچھ ہرے بھرے میدانوں اور پہاڑیوں کا مزہ لینے کے لیے باہر کی طرف دیکھتے ہیں۔

اندرا — ہم لوگ بھوپال کب پہنچیں گے؟

آشا میڈم — اگر ہم کہیں نہ رکیں تو ہمیں دو گھنٹے میں پہنچنا چاہیے، یعنی ________ بجے کے آس پاس۔




منجیت — کیا یہ بہت دور ہے؟

بھیم سین سر — تقریباً 70 کلومیٹر دور ہے۔

روبی — کیا ہم لوگ کہیں رُکیں گے؟


راکیش سر — ممکن ہے کہ بھیم بیٹکا میں، جو یہاں سے تقریباً 50 کلومیٹر کی دوری پر ہے۔

- اگر وہ لوگ بھیم بیٹکا جاتے ہیں، وہ لوگ وہاں پہنچیں گے :
  — 10 بجے کے پہلے
  — 10 اور 11 بجے کے بیچ
  — 11 بجے کے بعد

جب وہ لوگ بات کر رہے ہوتے ہیں، بہادر چلّاتا ہے۔ اوہو! نرمدا کی طرف دیکھو۔ سبھی لوگ کھڑکی سے باہر کی جانب دیکھتے ہیں۔

روبی — واہ واہ! یہ کتنی لمبی اور کتنی چوڑی ہے!

آؤ اندازہ لگائیں کہ یہ کتنی چوڑی ہے۔



© NCERT not to be republished

گوپی — اؤں......اؤں...... 100 میٹر؟ نہیں، یہ بہت زیادہ ہے۔ نہیں کہہ سکتا۔

وکٹوریا — یہ آدھے کلومیٹر سے زیادہ ہوگی۔

آشا میڈم — دیکھو، یہ لکھا ہے۔ 'یہ پُل 756.82 میٹر لمبا ہے'۔ اس لیے ہم لوگ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ نرمدا اس جگہ پر تقریباً 500 میٹر چوڑی ضرور ہوگی۔

❖ کیا وکٹوریا صحیح تھی؟

صدف — میں 500 میٹر کا اندازہ نہیں لگا سکتی۔

آشا میڈم — دیکھو، ہماری بس تقریباً 5 میٹر لمبی ہے۔ اندازہ لگاؤ کہ اس پُل پر کتنی بسیں ایک قطار میں کھڑی ہو سکتی ہیں۔


❖ کیا آپ نے کبھی کسی لمبے پُل کو پار کیا ہے؟ وہ تقریباً کتنے میٹر لمبا تھا؟ ____________

سبھی نیچے ندی کی طرف دیکھتے ہیں۔

راکیش سر — پانی کی سطح اب کافی نیچے ہے۔ یہ پُل سے ضرور 40 میٹر نیچے ہوگی۔

آشا میڈم — لیکن برسات کے موسم میں پانی کی سطح بڑھ گئی تھی۔ ان دنوں پانی پُل سے صرف 15 میٹر نیچے تھا۔

❖ نرمدا کے پانی کی اس وقت کی اور موسمِ برسات کی سطح کے درمیان کیا فرق ہے؟ ________ میٹر



بچے کچھ دیر تک ندی کے متعلق گفتگو کرتے ہیں ____________

© NCERT not to be republished

اچانک، بس ایک جھٹکے کے ساتھ رُک جاتی ہے۔

اوہ! پیٹرول پمپ۔ دو بسوں میں ڈیزل بھرنا ضروری ہے۔

بسیں ایک قطار میں کھڑی ہوتی ہیں۔ بچے بس کی کھڑکی سے گردن باہر نکال کر دیکھ رہے ہیں کہ بس میں ڈیزل کیسے بھرا جاتا ہے۔ اور زیادہ قریب سے دیکھنے کے لیے کچھ بچے بس سے نیچے اتر آئے ہیں۔

✤ ہر بس ڈیزل بھرنے میں 15 منٹ کا وقت لیتی ہے اور دو بسوں میں ڈیزل بھرنا ہے۔ اس لیے وہ لوگ وہاں تقریباً ____ منٹ تک رہتے ہیں، اس کا مطلب یہ ہے کہ ان لوگوں کو ____ منٹ دیر ہو چکی ہے۔




✤ تصویر میں دیکھیے اور ایک لیٹر ڈیزل کی قیمت معلوم کیجیے۔

جب بسوں میں ڈیزل بھرا جا رہا ہوتا ہے، تو کچھ بچے قریب ہی بیت الخلا کے لیے جاتے ہیں۔



## بھیم بیٹکا کے لیے

بسوں میں ڈیزل بھرنے کے بعد سفر دوبارہ شروع ہوا، بچوں کو بتا دیا گیا کہ وہ بھیم بیٹکا پر رکیں گے،

انجو — بھیم بیٹکا کیا ہے۔

رینا میڈم — یہ ایک جگہ ہے جہاں بہت سی غاریں ہیں اور ان غاروں میں بہت سی پینٹنگ ہیں جو کہ دس ہزار سال پہلے لوگوں نے بنائیں تھیں۔

سومونتو — دس۔۔۔ ہزار۔۔۔ سال! میں تو ایک ہزار سال قبل کا بھی نہیں سوچ سکتا!

گوپی — اوہ! ایک ہزار سال تو بڑی چیز ہے، میں تو ایک سو سال کے بارے میں بھی نہیں سوچ سکتا۔

گوری — میں 100 سال کے بارے میں سوچ سکتی ہوں کیونکہ میری پر دادی کی عمر 100 سال ہے۔


منجیت — اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ غاریں تقریباً 100 پردادیوں جتنی قدیم ہیں!!

ہر ایک زوردار قہقہہ لگاتا ہے۔ ہا! ہا! ہا!

اب بچے غاروں کی رنگ آمیزی (Cave Painting) دیکھنے کے لیے یقیناً بہت بیتاب ہیں۔ ابھی تقریباً 11 بجے ہیں جبکہ وہ بھیم بیٹکا پہنچے ہیں۔



| | | |
|---|---|---|
| شنکر | — | اس رنگ آمیزی (پینٹنگ) میں بھی بہت بڑے بھینسے نما جانور ہیں۔ ارے مجھے ایک خیال آیا۔ میں بھینس نما جانوروں کو گنوں گا۔ اور تم تصاویر میں ہرن کی گنتی کرو۔ |
| بونو مالا | — | میں لوگوں کو گنوں گی۔ دیکھیں کون سب سے زیادہ ہیں۔ بھینس نما جانور، ہرن یا لوگ۔ |




✤ بھینس نما جانور کے مقابلے ہرن کتنے زیادہ ہیں؟ ____________

لیکن بونو مالا سب سے زیادہ خوش ہے کیونکہ لوگوں کی تعداد ہرن اور بھینس نما جانوروں کی مجموعی تعداد سے بھی زیادہ ہے۔ اس کی گنتی 200 سے کم ہے۔



✤ بونو مالا نے کتنے لوگوں کو گِنا ہوگا۔


177 / 134 / 154 / 214


گائڈ انھیں بتاتا ہے کہ کل ملا کر 600 غار۔ پینٹنگس (Cave Paintings) ہیں۔
اب بھیم بیٹکا سے چلنے کا وقت ہوگیا ہے۔

✤ ان لوگوں نے وہاں ایک گھنٹہ گزارا۔ اب کتنا وقت ہورہا ہے؟ ____________

اب وہ لوگ بھوپال کی طرف جارہے ہیں۔ انھیں وہاں ایک گھنٹہ سے کم وقت میں پہنچنا چاہیے۔ تقریباً ____________ بجے۔

© NCERT not to be republished





## کھانے کا وقت

بچوں کو اس وقت تک بھوک لگنے لگی ہے اس لیے وہ اپنے کھانے کا پیکٹ نکالتے ہیں۔ سبھی بسوں میں بسکٹ، سنترے اور کیلے بھی تقسیم کیے جاتے ہیں۔



ہر بچے کو ایک سنترہ، ایک کیلا اور 5 بسکٹ دیئے ہیں۔



سبھی بچے سنترے اور بسکٹ لیتے ہیں لیکن 38 بچے کیلے نہیں لیتے۔



✤ کتنے سنترے، بسکٹ اور کیلے تقسیم کیے گئے؟

منجیت اور بھانو جلدی اپنا کھانا ختم کرتے ہیں اور وقت گزارنے کے لیے پہلیاں (Puzzles) پوچھنا شروع کرتے ہیں۔




منجیت — وہ عدد بتایئے جو 100 اور 150 کے بالکل درمیان ہے۔

بھانو — 120...... نہیں، 130...... نہیں، یہ 125 ہے۔

منجیت — صحیح، بالکل ٹھیک! اب تم پوچھو۔


دوسرے بچے اس میں شامل ہوتے ہیں۔ ہر ایک مشکل سوال پوچھ رہا ہے۔




بچوں سے اس طرح کے کئی سوالات یا معمے حل کرنے کے لیے زبانی یا لکھ کر پوچھے جا سکتے ہیں۔ وہ سوالات یا معمے کو حل کرنے کے لیے جو طریقہ اختیار کرتے ہیں ان کی وضاحت کرنے کے لیے ان کی ہمت افزائی کرنی چاہیے۔

© NCERT not to be republished

ایک عدد سوچیے جو 3,2 اور 5 سے تقسیم ہوسکتا ہو اور 25 سے 50 کے درمیان آتا ہو۔




E

ایک چھوٹی چیونٹی ایک منٹ میں 3 سینٹی میٹر چڑھتی ہے لیکن 2 سینٹی میٹر پھسل جاتی ہے۔ 2 سینٹی میٹر چڑھنے میں وہ کتنا وقت لے گی؟

کیا آپ ان سوالات کو حل کر سکتے ہیں؟ کوشش کیجیے۔

## ہم لوگوں کو کون سی ناؤ لینی چاہیے؟

وہ لوگ معمّوں میں اس قدر کھوئے ہوئے تھے کہ انھیں پتہ ہی نہیں چلا کہ وہ لوگ جھیل پر پہنچ چکے ہیں۔ یہ ایک بہت بڑی جھیل ہے جس میں ایک چھوٹا سا ٹاپو بھی ہے۔

اس وقت جھیل بہت خوبصورت لگتی ہے۔ یہاں بہت ساری بطخیں ہیں جو شور غل مچا رہی ہیں۔ کچھ بچے انھیں کھانے کے لیے مکّا کی کھیلیں دیتے ہیں۔



اب نہایت دلچسپ مرحلہ آتا ہے! یہ کشتی کے سفر پر جانے کا وقت ہے۔ انہیں طے کرنا ہے کہ کس کشتی کو لینا چاہیے۔ لیکن یہ آسان نہیں ہے۔

© NCERT not to be republished

یہاں مختلف قسم کی کشتیاں ہیں۔ ہر ایک کا ٹکٹ اور سفر کا وقفہ مختلف ہے۔

| | کشتی کا نام | ٹکٹ کی قیمت | وقفہ سفر |
|---|---|---|---|
| 1 | ڈبل۔ڈیکر | 30 روپیے | 45 منٹ |
| 2 | پیڈل کشتی | 15 روپیے | 30 منٹ |
| 3 | موٹر کشتی | 25 روپیے | 20 منٹ |
| 4 | پتوار والی کشتی | 15 روپیے | 45 منٹ |




ٹکٹ کی قیمت اور وقفہ سفر دکھانے والے جدول کی بنیاد پر کتاب میں کچھ سوالات دیئے گئے ہیں۔ بچوں کو خود کئی سوالات بنانے کے لیے متحرک کرنا چاہیے۔

© NCERT not to be republished




- اندرا اور بھانو پہلے موٹر کشتی میں گئے اور پھر پتوار والی کشتی لی۔

  ان لوگوں نے دونوں کشتیوں کے لیے کتنی رقم ادا کی؟ ____________ روپیہ

  دونوں سفر کے لیے انھیں کتنا وقت ملا؟ ____________

- بچوں کا ایک گروپ ڈبل ڈیکر کے سفر پر گیا۔ ان لوگوں نے کل 450 روپیے ادا کیے۔ ڈبل ڈیکر سے سفر پر کتنے بچ گئے؟ ____________
- کون سی کشتی ایک گھنٹہ میں دو چکر لگاتی ہے؟
- کون سی کشتی ایک چکر پورا کرنے میں آدھے گھنٹے سے کم وقت لگاتی ہے؟
- کون سی کشتی کم سے کم پیسہ لے کر زیادہ سے زیادہ وقت تک ان لوگوں کو گھماتی ہے؟
- جاوید دوبار کشتی کی سیر پر گیا۔ اس نے کل 40 روپیے ادا کیے اور 50 منٹ تک کشتی کی سواری کی۔ اس نے کون سی دو کشتیاں لیں؟

© NCERT not to be republished

### واپسی کا وقت

بچوں نے 4 بجے تک مختلف کشتیوں کی سواری کا مزہ لیا۔ یہ واپسی کا وقت ہے۔ اب وہ لوگ کہیں بھی نہیں رکیں گے اور دو گھنٹوں میں واپس ہوں گے۔



اس لیے، ان لوگوں کو ہوشنگ آباد ______ بجے پہنچ جانا چاہیے۔

## معلوم کیجیے



کیا آپ اسکول سے کبھی تفریحی سفر پر گئے ہیں؟ اس میں کل کتنے بچے تھے؟ آپ کیسے گئے اور کتنی دور گئے؟ اس میں کتنا وقت لگا؟ ہر ایک بچے کے لیے سفر کا خرچ معلوم کرنے کی کوشش کیجیے۔

## مشق کا وقت

1۔ نیچے چار بہت قدیم غار پینٹنگ دی گئی ہیں۔ سب سے پرانی پر نشان لگائیے۔

(a) 4200 سال پرانی　　(b) 1000 سال پرانی

(c) 8500 سال پرانی　　(d) 1300 سال پرانی

2۔ ایک بس 48 بچوں کو لے جاسکتی ہے۔ تین بسیں کتنے بچوں کو لے جاسکتی ہیں؟ تقریباً............

(a) 100　　(b) 200　　(c) 150

3۔ مندرجہ ذیل میں سے اعداد کے کون سے جوڑے مل کر 500 سے زیادہ بناتے ہیں۔

(a) 152 اور 241　　(b) 321 اور 192

(c) 99 اور 299　　(d) 401 اور 91

4۔ کس وقت کیا ہوا ہے؟ ملانے کے لیے لائن کھینچیے۔

| | |
|---|---|
| ✤ نرمدا پل کو عبور کیا | 3:00 بجے شام |
| ✤ بھیم بیٹکا پینٹنگ کو دیکھا | 6:00 بجے شام |
| ✤ پیٹرول پمپ پر | 9:10 بجے صبح |
| ✤ جھیل میں کشتی سواری | 12:30 بجے دوپہر |
| ✤ کھانا کھایا | 11:30 بجے دن |
| ✤ ہوشنگ آباد واپسی | 9:30 بجے صبح |

© NCERT not to be republished